# اختیاری ماڈیول نمبر 3A

# سبق نمبر 33 A کمپیوٹر کے ذریعے ہونے والے کام

| سبق نمبر | سبق کا نام | زبان کی مہارتیں | | | | عملی کام/سرگرمیاں |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | سننا/ بولنا | پڑھنا | لکھنا | اصناف/ قواعد | |
| 33A | کمپیوٹر کے ذریعے ہونے والے کام | اردو زبان کو زندگی ہر شعبے میں استعمال کرنا | کمپیوٹر کے ذریعے ہونے والے کام | سوالات کے جوابات | کمپیوٹر کے ذریعے ہونے والے کام | کمپیوٹر کے ذریعے ہونے والے کام کا مطالعہ کرنا |

## کمپیوٹر کے ذریعے ہونے والے کام کے سبق کا تعارف

کمپیوٹر ایک الیکٹرونک مشین ہے۔جس میں میں میمری Memory محفوظ ہوتی ہے۔اس یادداشت میں ہم بہت سارے اعداد یاہدایات محفوظ رکھتے ہیں۔کمپیوٹر کی مختلف زبانوں میں پاسکل بیسک فورٹین،ویزل بیسک سی سی ایڈا وو غیرہ کافی معروف ہیں۔ان کی بنیاد پر پروگرام بنائے جاتے ہیں۔دنیا کے ہر شعبے میں کمپیوٹر پروگرام بنائے جارہے ہیں ان پروگراموں کے ذریعے بیک وقت مختلف کاموں کو انجام دیاجاتاہے۔

## بنیادی دستورالعمل ( Basic Operating System )

بنیادی دستورالعمل کے ذریعے کمپیوٹر کے تمام پروگرام چلتے ہیں۔اسکرین پر ظاہر ہونے والے پروگرام کو ماحولی پروگرام (Environmental Program) کہتے ہیں۔بنیادی دستورالعمل کے ذریعے سارے کام ایک خود کار نظام کے تحت عمل میں آتے ہیں۔جو کسی بھی ساخت کی ہر کمپیوٹر کے لیے ضروری ہے۔

یہ چار کام انجام دیتاہے۔

اندراجی وخارجی نظام کو درست اور قائم رکھنا۔

اندرونی اور خارجی یاداشت کے نظاموں کو درست رکھنا۔

فائلوں کے نظام کو درست رکھنا۔

جاب ورک کے نظام کو درست رکھنا۔

## ٹائپنگ کے مختلف پروگرام :

ڈاکس (Docs) کمپیوٹر کی ہدایت کے مطابق کام کرتاہے۔اسکے لئے Window استعمال کرے ہیں۔ایک ورڈ Word نامی سافٹویئر پر ٹائپنگ کاکام کیاجاتاہے۔اس کے لئے کمپیوٹر میں Doc , Wnidow, word اور Animation پروگرام ہوند ضروری ہیں۔

## MS Office :

کمپیوٹر سے مکمل کام کرنے والا مقبول ترین پروگراموں میں سے ایک ایم ایس آفس ہے۔اسکے ذریعے ہر شعبے کے تمام کام کئے جاسکتے ہیں۔ایم ایس آفس میں درج ذیل پروگرام شامل ہوتے ہیں۔

MS WORD,MS EXCEL,MS POWER POINT,MS SCHEDULE,MS ACCESS

## کمپیوٹر کے ذریعے بات چیت :

یہ فاصلاتی کمپوٹنگ کے ذریعے ہوتاہے۔آپ اپنے گھر پر بیٹھ کر دوسرے کمپیوٹر سے یا اپنے ہی کمپیوٹر سے فائل دیکھ سکتے ہیں۔اس میں تبدیل بھی کرسکتے ہیں۔اگر اسی گنجائش اس کمپیوٹر میں ہے تو

اپنے آپ کو قیمتی آلات استعمال کر سکتے ہیں۔ جو ہم نہیں خرید سکتے۔ جیسے کہ طابع، موڈیم وغیرہ یہ ٹیلی مواصلاتی سیارہ ٹیلی کمیونیکیشن سیٹلائٹ (Tele Communication Satellite) سے ممکن ہو پا رہا ہے۔

## کمپیوٹر کا طریقہ استعمال :

سب سے پہلے یہ دیکھیں کہ کمپیوٹر سی وی ٹی (CVT) اور بجلی سے جڑا ہوا ہے۔ اور اس کے بٹن کھلے ہوئے ہیں۔ پھر مانیٹر کا سوئچ دبائیں۔ جب دونوں چالو ہو جائیں۔ نیچے لگا ہوا سی پی یو (CPU) کا بٹن دبا دے۔ ان سب میں ہرے رنگ کا بلب جلنے کا مطلب ہے کہ یہ کام کر رہے ہیں۔ سی پی یو کا بٹن دباتے ہی کمپیوٹر کام کرنا شروع کر دیتا ہے۔ پہلے کمپیوٹر سے متعلق اطلاعات اسکرین پر نظر آتی ہیں۔ جو کچھ وقفے میں غائب ہو جاتی ہیں۔ اگر کمپیوٹر میں کچھ نقص ہو گا تب اس کا پیغام اسکرین پر آجائے گا اور ساتھ ہی اس کو صحیح کرنے کا طریقہ بھی۔ دیگر صورت میں ونڈو کے ساتھ اطلاعات منظر آتے جاتے ہیں۔ آخر میں ونڈو کا منظر ٹھہر جاتا ہے۔ جس پر مختلف علامات دکھائی دے رہے ہیں۔ جن کے نیچے ان کا نام بھی لکھا ہے۔ Mouse کے ذریعے ہم حکم دے سکتے ہیں۔

## اردو پروگرام میں طریقہ عمل :

Windows 98

کے اسکرین پر ان پیج نامی نامی پروگرام کو کھولے۔

یہ ایم ایس ورڈ کی طرح ہے۔ مگر اس میں بائیں طرف علامات کی لڑی بنی ہوتی ہے۔ اگر ٹائپ کرنا ہو تو سب سے پہلے پیکان کو منتخب کیجئے۔ پھر جو پہلا ٹول Tool ہے۔ اس پر کلک کر کے پیکان کو لوح پر لے آئیں۔ ماؤس کو ہلا کر اس کے پیکان کو ایک سرے پر لے آئیے۔ اور ماؤس کا بایاں بٹن دباتے ہوئے۔ اس سے پہلے عمودی طور پر اور پھر افقی طور پر گھسیٹئے۔ یہ ایک چوکھٹا سا بن گیا ہے۔ آپ اسکے دو کالم بنا کر اردو لکھ سکتے ہیں۔ اردو لکھنے کے لئے صوتی (Phonetic) نامی تختۂ کلید سب سے بہتر رہے گا۔ کیوں کہ اس میں انگریزی کلید کی آوازوں اور اردو کی آوازوں میں مطابقت رکھتا ہے۔ جیسے اے دبانے سے الف، بی سے ب اور سی سے س لکھتا ہے۔

## سیکھنے کی باتیں :

آج کے دور میں دنیا کے تمام شعبوں میں کمپیوٹر سے کا کیا جا رہا ہیں۔ کمپیوٹر ہر کام کرنے کے قابل بنائے جا رہے ہیں۔ ہمیں جس قسم کا کام کرنا ہے۔ اس پروگرام کو سیکھنا ہوگا۔ کمپیوٹر پر تحریری کام کرنے کے لئے ان پیج (In Page) بہتر سافٹویئر ہے۔ صوتی (Phonetic) کلیدی تختی بھی آسان ہے۔ اس میں انگریزی کلیدی آوازوں اور اردو آوازوں میں مطابقت ہوتی ہے۔ MS OFFICE کافی کارآمد و مفید پروگرام ہے۔ ہم Doc کے ذریعے بہت سے کام انجام دے سکتے ہیں۔

کمپیوٹر کو شروع کرنے سے لے کر کام کرنے کے طریقوں کو سمجھنا ضروری ہے۔

## خاص باتیں :

چوں کہ کمپیوٹر ہماری زندگی کے بہت سے افعال انجام دے رہا ہے۔ اس لئے اس کی مکمل معلومات حاصل کرنا نہایت ضروری ہے۔ ہم نے اس سبق میں کمپیوٹر پر کام، کمپوٹر سے بات چیت کرنا اور اردو لکھنے کے بارے میں معلومات حاصل کی ہے۔

کمپیوٹر کے تمام کام خودکاری نظام کے طریقے سے ہوتے ہیں۔ جسے بنیادی دستور العمل (Basic Operating System) کہتے ہیں۔

بنیادی دستور العمل، اندراجی اور اخراجی نظام، اندرونی و خارجی، یادداشت کے نظاموں کو، فائلوں اور جاب ورک کے نظاموں کو درست اور قائم رکھتا ہے۔ MS Office ایک ایسا نظام ہے جو دفتر کے تمام کاموں کے لئے نہایت مفید ذیلی پروگرام رکھتا ہے۔ کمپیوٹر کے ذریعے پیغام رسانی، بات چیت، ٹیلی مواصلات سیٹلائٹ کے ذریعے ممکن ہوئی ہے۔

"ان پیج" کے ذریعے سے ہم اردو ٹائپنگ با آسانی کر سکتے ہیں۔

## متن پر مبنی سوالات

مندرجہ ذیل بیان اگر صحیح ہو تو 'ہاں' لکھے ورنہ 'نہیں' لکھے۔

1- انگریزی کے تختۂ کلیدی کو اردو تختۂ کلیدی میں بدلہ جا سکتا ہے۔
(ہاں/نہیں)

2- اردو پروگراموں میں سب سے زیادہ مستعمل اور بہتر پروگرام ان پیج کا ہے۔ (ہاں/نہیں)

## مختصر جواب والا سوال

MS Office کے بارے میں اپنے آپ کیا جانتے ہیں مختصراً لکھیے

## مختصر جواب والا سوال

کمپوٹر کو شروع کرنے اور اسے کام کرنے کے لئے تیار کرنے کے مراحل بیان کیجئے؟

## طویل جواب والا سوال

کمپیوٹر کے ذریعے کونسے کونسے کام کئے جاتے ہیں۔ مفصل بیان کیجئے؟